25/04/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر میں بصارت گُل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے منشیات کے خاتمے کےلئے دہرایا انتظامیہ کا عزم// سانبہ میں کی منشیات مخالف ریلی میں شرکت۔

*........ جمونو کشمیر میں نشہ مکت ابھیان شدو مد سے جا ری// سرینگر میں پولیس نے کی ساڑھے3کروڑ روپے مالیت کی جائیداد ضبط

*........ گاندربل میں کثیر سطحی پارکنگ کی تعمیر کو وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی منظوری۔

اور

*........ سرینگر میں منعقدہ چنتن شِوِر میں مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ کی شرکت// کھیلو بھارت مشن کو دیا نوجوان نسل کی قوت کا اظہار قرار۔

نشہGong

پہلے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان سے متعلق چند خبریں۔

----Gong----

سانبہLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے منشیات کے خاتمے کے خلاف انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کر تے ہوئے کہا ہے کہ منشیات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے گی۔

ان باتوں کا اظہار انہوننے آج جموں صوبے کے سانبہ میں نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت منعقد ہ ایک ریلی سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوننے کہا کہ اگلے85دن اس ابھیان کی کامیابی میں اہمیت کے حامل رہیں گے۔

اس موقعے پر ایل جی نے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کی مناسبت سے سانبہ کرکٹ پریمئر لیگ کی شروعات کرنے کے علاوہ ایک بائیک ریلی کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

**نشہ مہم**

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

**----(DRUGS)--LG-----**

دریں اثنائ IGP کشمیر وی کے بردی نے کہا ہے کہ نشے کی لعنت کا مقابلہ کرنے کےلئے پولیس کی طرف سے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

**----IGP----**

**انشل گرگ**

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کہا ہے کہ انتظامیہ جمونو کشمیر سے منشیات کے خاتمے کےلئے کمر بستہ ہے۔ آج سرینگر میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ نشہ مکت جمونو کشمیر ا بھیان کے تحت مئی کی3تاریخ کو سرینگر میں ایک پد یاترا نکالی جائے گی۔

**-Anshul Garg (Drug)-**

اس سے قبل ڈویژنل کمشنر نے ایک میٹنگ کے دوران پدیاترا کےلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

**جائیداد اٹیچ**

جمونو کشمیر میں100دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت نتیجہ خیز سرگرمیاں جا ری ہیں۔ اس سلسلے میں ایک بڑی کارروائی کے تحت پولیس نے کرشہ بل نور باغ سرینگر کے رہنے والے شکیل احمد گنائی نامی ایک بدنامہ زمانہ ڈرگ سمگلر کی2کروڑ روپے مالیت کی جائیداد ضبط کی ہے۔

اسی طرح کی ایک کارروائی کے دوران پولیس نے اسی علاقے سے تعلق رکھنے والے ایک اور ڈرگ سمگلر فاروق احمد میر کی ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔

**نشہ مخالف کارروائی**

نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت یوٹی بھر مینبیداری پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔ ان پروگراموں میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد میں منشیات کے استعمال کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری دی جا رہی ہے۔

دریں اثناءپولیس نے اپنی کارروائیوں میں تیزی لائی ہے۔ گذشتہ 24گھنٹوں کے دوران مختلف اضلاع سے تقریباً35 ڈرگ سمگلروں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی جبکہ نشیلی اشیاءکی بھاری مقدار ضبط کی گئی ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گاندربل میں کثیر سطحی کار پارکنگ پروجیکٹ کی عمل آوری کو منظوری دی ہے۔ ضلعے میں ٹریفک نظام میں بہتری لانے کی غرض سے عملائے جانے والے اس پروجیکٹ پر 9 کروڑ60لاکھ روپے کی لاگت آئے گی۔

وزیر اعلیٰ نے اس پروجیکٹ کی عمل آوری میں شفافیت اور معیار کا خاص خیال رکھنے کی ہدایت دی ہے۔

بنگلورCM

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے بنگلورو میں کئی ممتاز فلمسازوں کے ساتھ بات چیت کی۔ انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر فلمسازی کےلئے ایک موزون مقام ہے۔

عمر عبداللہ نے انہیں یقین دلایا کہ جمونو کشمیر میں فلموں کی شوٹنگ کے دوران فلمسازوں کو حکومتی سطح پر ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی۔

سکینہ ایتو

تعلیم اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج بارہمولہ میں گورنمنٹ وومن کالج میں نئی تعمیر شدہ سائنس بلاک کا افتتاح کیا ۔ انہوں نے دورے کے دوران ایک ڈرگ De-Addiction سینٹر اور سو بستروں والے گرلز ہوسٹل کا سنگ بنیاد بھی رکھا ۔ ان کے ہمراہ بارہمولہ اور اوڑی کے ممبرانِ اسمبلی جاوید حسن بیگ اور ڈاکٹر سجاد شفیع بھی تھے ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی ، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے عوامی مسائل کے فوری ازالے اور تعمیراتی کاموں کی بر وقت تکمیل کے لئے مختلف محکموں کے درمیان بہتر تال میل اور شفاف عمل آوری پر زور دیا ہے ۔ وزیر موصوف آج بھدرواہ جموں کے ڈاک بنگلہ میں ایک مربوط جائزہ میٹنگ کی صدارت کے دوران اظہارِ خیال کر رہے تھے ۔ انہوں نے امرُت دوم کے تحت بھدرواہ قصبے میں جل جیون مشن کے تحت جاری کاموں میں مزید سرعت لانے کی ہدایت دی ۔

میٹنگ کے بعد کئی عوامی وفود نے وزیر سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور فوری ازالے کی یقین دہانی کرائی ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام میں کسانوں کی آمدنی بڑھانے ، روزگار کے وسائل پیدا کرنے اور زرعی سرگرمیوں کو وسعت دینے کی بہت زیادہ گنجائش موجود ہے جو جموں کشمیر کی ترقی اور خوشحالی میں ایک اہم ضرورت ہے ۔ آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں اس پروگرام کے تحت ہو رہی ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے اس پروگرام کو شماریاتی اور ضلع سطح پر خصوصی توجہ کے ساتھ نتیجہ خیز بنانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ انہوں نے اس سلسلے میں ٹریننگ اور کپیسٹی بلڈنگ میں مزید وسعت پیدا کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

DGP

جمونو کشمیر کے ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات نے جموں صوبے کے پولیس افسران کی ایک میٹنگ میں ریاسی ضلعے کے کٹرہ قصبے اور بھوانا علاقے سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔

DGP نے نئے فوجداری قوانین کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے اور نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کی ہدایت دی۔

شانت منو

سٹیٹ الیکشن کمشنر شانت منو نے آج بڈگام کا دورہ کر کے انتخابی فہرستوں کے خصوصی ثمری نظر ثانی عمل مینہو رہی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ دورے کے دوران انہوں نے شیخ پورہ میں خصوصی بیداری کیمپوں میں بھی شرکت کی اور رجسٹریشن کے عمل کا از Razwen اور خود معائینہ کیا۔ انہوں نے 18 سال کی عمر والے پہلی بار ووٹر فہرستوں میں درج ہونے والے نوجوانوں سے بھی ملاقات کی اور جمہوری عمل میں ان کی شرکت کی اہمیت پر بات کی ۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج اپنے دفتر کے احاطے میں ایک پودا لگا کر شجر کا ری مہم کا آغاز کیا۔

یہ مہم آل سکھ مائینار ٹی ایمپلائز ایسو سی ایشن کشمیر اور آل ایمپلائز جوائنٹ ایسو سی ایشن جمونو کشمیر کے مشترکہ اہتمام سے شروع کی گئی ہے۔

شجر کا ری مہم کا آغاز کرنے کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انشل گرگ نے کہا۔

------Div-Com------

اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے آل سکھ مائینارٹی ایمپلائز ایسو سی ایشن کی چیر پرسن ڈاکٹر جگمیت کور بالی نے کہا۔

**-----Jagmeet Kour----**

**بریک**

**یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**

**پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔**

**منسکھ منڈاویہ**

کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے کہا ہے کہ ”کھیلو بھارت مشن “ہمارے نوجوان نسل کی اظہار قوت اور ملک کا اظہار عزم ہے ۔ وہ آج سرینگر میں وزارت کھیل کود اور نوجوانوں کے امور سے متعلق چنتن شِوِر کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے ۔

انہوں نے کہا کہ ہمارا کھیل کود میں عالمی پاور ہاوس بننے کا دس سال کا روڑ میپ صرف کاغذوں میں نہیں رہنا چاہئے بلکہ ہر ضلعے میں زمینی سطح پر اور ہر نوجوان کا خواب نظر آنا چاہئے ۔

**درخشاں**

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے آج جموں صوبے کے ڈوڈہ میں آج سپورٹس اسٹیڈیم اور تفریحی سہولت کو عوام کے نام وقف کیا اور گیسٹ ہاوس کا سنگ بنیاد رکھا۔

انہوننے کہا کہ بورڈ اس برس ترقیاتی سرگرمیوں پر خاص توجہ دے رہی ہے۔ بی جے پی جمونو کشمیرکے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول بھی ان کے ہمراہ تھے۔

**ملیریا ڈے**

آج ملیریا سے بچاؤ کا عالمی دن ہے۔ اس دن کا مقصد ملیریا سے بچاؤ سے متعلق بیداری عام کرنا اور اس بیماری کےلئے ٹیکہ کا ری کی اہمیت کو اُجاگر کرنا ہے۔

ڈاکٹر Malariologist اس سلسلے میں ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ سروسز جمونو کشمیر میں سٹیٹ رِتیش کھُلر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

**-----Dr. Ritesh-----**

دریں اثناءورلڈ ایمونائزیشن ویک کے سلسلے میں مختلف پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔اس ہفتے کی اہمیت کے بارے میں ڈائریکٹوریٹ آف فیملی ویلفیر جمونوکشمیر میں سٹیٹ ایمونائزیشن آفیسر ڈاکٹر شاہد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-Dr. Shahid Hussain--

ویٹرنری دن

آج ویٹرنری کا عالمی دن ہے ۔ اس دن عام لوگوں میں جانوروں اور پرندوں کے تحفظ سے متعلق بیداری پیدا کی جاتی ہے۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر میں ویٹرنری شعبے کے ڈین پروفیسر ریاض احمد شاہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

----Prof.Riyaz-----

پشو پالن

اِدھر وادی کشمیر میں بھی پشو پالن کے عالمی دن کے حوالے سے تقریبات کا انعقاد ہوا جس دوران اس دن کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالی گئی ۔

رفیق مسعودی

جمونوکشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کے اہتمام سے آج Meet the Eminent پروگرام کے تحت اکیڈیمی کے سابق سیکریٹری ڈاکٹر رفیق مسعودی کے ساتھ ملاقات کی ایک نشست کا انعقاد ہوا۔

اس موقعے پر ڈاکٹر رفیق مسعودی ، جوکہ دوردرشن کیندر سرینگر کے سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل بھی رہ چکے ہیں، نے اپنے ادبی اور پیشہ وارانہ سفر کے بارے میں بتایا۔

ملاقات کی اس نشست میں نامور ڈوگری ادیب پدم شری پروفیسر للت منگوترا،پدم شری ڈاکٹر جتیندر ادھمپوری، پروفیسر راج کمار اور نصیب سنگھ منہاس کے علاوہ اکیڈیمی کی ایڈیشنل سیکریٹری سونالی ارون گپتا اور چیف ایڈیٹر گوجری جاوید راہی بھی موجود تھے۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں کل مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہا رکریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 133ویں قسط ہوگی ۔

من کی بات پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر دن کے 11بجے بیک وقت نشر کیاجائےگا ۔ہندی نشریے کے فوراً بعد اس کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ بھی براڈ کاسٹ کیا جائے گا ۔

**سیاسیGong**

***........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔**

**غلام علی کھٹانہ**

**ممبر پارلیمنٹ اور بی جے پی کے سینئر لیڈر غلام علی کھٹانہ نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی سرکار پر جموں کے بعض علاقوں خاص کر کشتواڑ میں غیر منظم منصوبہ بندی کے تحت سڑک پروجیکٹ عملانے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروجیکٹ انسانی جانوں اور تعمیرات کے لئے شدید خطرے کا باعث بن سکتے ہیں ۔**

**ست شرما**

**بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج رام نگر ادھمپور جا کر ان کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا جن کے افرادِ خانہ گزشتہ روز بس حادثے میں لقمہ اجل بنے ۔ ان کے ہمراہ پارٹی کے کئی سینئر لیڈر اور ممبرانِ اسمبلی بھی تھے ۔**

**PDP**

**صدر محبوبہ مفتی نے جموں کشمیر کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لئے پارٹی کی PDP خدمات کو جاری رکھنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ PDP ہی وہ جماعت ہے جو جموں کشمیر کے عوام کی مقامی اور قومی سطح پر امنگوں کی ترجمانی کرتی ہے ۔ وہ آج اننت ناگ کے ڈاک بنگلہ میں پارٹی ورکروں کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہی تھیں ۔**

**EOW**

**وِنگ نے 55 لاکھ سے زائد روپے کی ایک پراپرٹی فراڈ کا Offences کرائم برانچ کی اِکنامک پردہ فاش کرتے ہوئے اس میں ملوث ٹینگہ پورہ سرینگر کے معراج الدین ڈار نامی ایک شہری درج کر لی گئی تھی۔ FIR کے خلاف چارج شیٹ داخل کر دی ہے ۔ اس سلسلے میں پہلے ہی ایک**

**ایک اور کاروائی کے تحت مذکورہ وِنگ نے محکمہ بجلی میں غیر قانونی تقرریوں کے ایک کیس کے سلسلے میں آج بارہمولہ کی انسداد رشوت ستانی کی عدالت میں ملزموں کے خلاف چارج شیٹ داخل کیا ہے ۔**

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت21 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 47 منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر11منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

……………………………………………….

…………………….

……………..

….